سرکاری رپورٹ

صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات 2021

سوموار، 9-اگست 2021

(یوم الاثنین، 29-ذوالحج 1442ھ)

سترہویں اسمبلی: چونتیسواں اجلاس

جلد 34 : شمارہ 10

421

ایجنڈا

برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

منعقدہ 9۔اگست 2021

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

سوالات

(محکمہ خدمات وانتظام عمومی)

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

توجہ دلاؤ نوٹس

سرکاری کارروائی

(اے)مسودہ قانون کا ایوان میں پیش کیا جانا

مسودہ قانون(ترمیم)صوبائی موٹر گاڑیاں 2021

ایک وزیر مسودہ قانون(ترمیم) صوبائی موٹر گاڑیاں 2021 ایوان میں پیش کریں گے۔

نوٹ: درج بالا مسودہ قانون کی نقول مورخہ 26۔جولائی 2021 اور 29۔جولائی 2021 کو پہلے ہی مہیا کی جاچکی ہیں۔

(بی) عام بحث

مواصلات وتعمیرات پر عام بحث

ایک وزیر مواصلات وتعمیرات پر پر عام بحث کی تحریک پیش کریں گے۔

423

صوبائی اسمبلی پنجاب

سترہویں اسمبلی کا چونتیسواں اجلاس

سوموار ،9-اگست 2021

(یوم الاثنین،29-ذوالحج 1442 ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں دوپہر 1 بج کر 20 منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر جناب پرویز الٰہی منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ قاری عبدالماجد نور نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم o

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم O

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ
حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾

سورۃ توبہ۔ آیت 128

لوگو! تمہارے پاس تم ہی میں سے ایک پیغمبر ﷺ آئے ہیں۔ تمہاری تکلیف ان کو گراں معلوم ہوتی ہے اور وہ تمہاری بھلائی کے بہت خواہش مند ہیں اور مومنوں پر نہایت شفقت کرنے والے مہربان ہیں O

وما علینا الا البلاغ o

نعتِ رسولِ مقبول ﷺ الحاج اختر حسین قریشی نے پیش کی۔

نعت رسول مقبول ﷺ

اے رسولِ امین خاتم المرسلین تجھ سا کوئی نہیں تجھ سا کوئی نہیں
ہے عقیدہ یہ اپنا بصدق و یقیں تجھ سا کوئی نہیں تجھ سا کوئی نہیں
دستِ قدرت نے ایسا بنایا تجھے جملہ اوصاف سے خود سجایا تجھے
اے ازل کے حسیں اے ابد کے حسیں تجھ سا کوئی نہیں تجھ سا کوئی نہیں

حلف

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ابھی ایک نومنتخب ممبر جناب احسن سلیم نے حلف لینا ہے۔ کیا وہ تشریف لائے ہیں؟

وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ): جناب سپیکر! میری request ہے کہ باقی بزنس take up کر لیں۔ جب وہ آئیں گے تب حلف لے لیں گے۔

جناب سپیکر: نہیں۔ پہلے حلف ہو گا اُس کے بعد باقی بزنس take up ہو گا۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ): جی، ٹھیک ہے۔

نومنتخب ممبر اسمبلی کا حلف

جناب سپیکر: احسن سلیم صاحب! آپ کو ٹائم پر آنا چاہیئے تھا کیونکہ آپ کو پتا بھی تھا کہ ایک بجے اجلاس ہے۔ ہم سب صرف آپ کے انتظار میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ اب آپ اپنی نشست کے سامنے حلف اٹھانے کے لئے کھڑے ہو جائیں اور حلف اٹھانے کے بعد حلف رجسٹر پر دستخط ثبت کریں۔

(اس مرحلہ پر نومنتخب ممبر اسمبلی جناب احسن سلیم نے حلف اٹھایا اور حلف کے رجسٹر پر اپنے دستخط ثبت کئے)

کورم کی نشاندہی

جناب خلیل طاہر سندھو: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی، کورم point out ہوا ہے لہٰذا گنتی کی جائے۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جی، کورم پورا نہیں ہے اس لئے پانچ منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر پانچ منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب سپیکر: جی، دوبارہ گنتی کی جائے۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

کورم پورا نہیں ہے اس لئے 15 منٹ کے لئے وقفہ کیا جاتا ہے۔

(اس مرحلہ پر 15 منٹ کے وقفہ کے لئے اجلاس کی کارروائی ملتوی کی گئی)

(15 منٹ کے وقفہ کے بعد جناب سپیکر دوبارہ ایک بج کر 45 منٹ پر
کرسیٔ صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: جی، گنتی کی جائے۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جی، کورم پورا نہ ہے لہٰذا اب اجلاس بروز جمعتہ المبارک 13-اگست 2021 صبح 9 بجے تک کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

نوٹ: مورخہ 11-اگست 2021 کو جناب سپیکر نے اجلاس کے انعقاد کی تاریخ کی تبدیلی مورخہ 13-اگست کی بجائے مورخہ 12-اگست کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ کاپی لف ہے۔

اجلاس کے انعقاد کی تاریخ کی تبدیلی کا حکم

No.PAP/Legis-1(77)/2021/2595. Dated: 11 August, 2021. The following Order, made by the Speaker, Provincial Assembly of the Punjab, is published for general information:

“ORDER

In exercise of the powers vested in me under rule 25(b) of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of the Punjab 1997, **I, PARVEZ ELAHI, Speaker, Provincial Assembly of the Punjab** hereby order that the next sitting of the 34th Session of Punjab Assembly will now be held on Thursday 12th August 2021 at 01.00 pm in Assembly Chambers, Lahore instead of Friday 13th August 2021 at 09.00 am.

Dated: 11th August 2021 **PARVEZ ELAHI**
SPEAKER”